21345 ـ مسجد قریب ہونے کے باوجود کسی اور جگہ نماز ادا کرنا

سوال

ہاسپٹل میں کئی ایک جماعتیں ہوتی ہیں، حالانکہ مسجدیں قریب ہیں کیا مسجد میں جانا لازم ہے یا کہ ہاسپٹل میں جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنا کافی ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس میں تفصیل ہے:

ہاسپٹل میں جس شخص کا رہنا ضروری ہے مثلا چوکیدار یا مریض جو مسجد نہیں جا سکتا تو ان کے لیے مسجد جانا ضروری نہیں، بلکہ وہ اپنی جگہ پر ہی جس جماعت کے ساتھ نماز ادا کرسکتے ہوں نماز ادا کرینگے.

لیکن جو شخص مسجد جا سکتا ہے اس کو شرعی دلائل پر عمل کرتے ہوئے مسجد میں جا کر نماز ادا کرنا واجب ہے.

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جس نے اذان سنی اور بغیر کسی عذر کے نماز کے لیے نہ آیا تو اس کی نماز نہیں "

ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے عرض کیا گیا:

عذر کیا ہے ؟

تو انہوں نے فرمایا: خوف یا بیماری "

اسے ابن ماجہ، دار قطنی نے روایت کیا ہے، ابن حبان اور امام حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے، اور اس کی سند صحیح ہے.